ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (299)

مورخہ 29.05.24

**بہاول پور (      ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 07 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان نواز گڈن اور فیصل محمود کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 45 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم زاہد ماتم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1800 گرام چرس اور 110 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ سٹی حاصل پور، نوشہرہ جدید اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے 04 ملزمان الیاس، شاہد، نادر اور حبیب کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 03 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((300

29.05.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے پولیس لائینز کے ریکریشن ہال میں ضلعی امن کمیٹی، اقلیتی برادری اور تمام مکتبہ فکر کے ممبران سے عیدالاضحیٰ ،محرم الحرام اور سرگودھا واقعہ کے پیش نظر ضلع بھر امن وامان کے قیام کے حوالے سے میٹنگ کی۔ بہاولپور کا امن قائم رکھنے کیلئے تمام مکاتب فکر پولیس کے ساتھ ایک پیج پر ہیں، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے پولیس لائینز کے ریکریشن ہال میں ضلعی امن کمیٹی ، اقلیتی برادری اور تمام مکتبہ فکر کے ممبران سے عیدالاضحیٰ ،محرم الحرام اور سرگودھا واقعہ کے تناظر میں شہر میں امن وامان کی صورت کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے میٹنگ کی۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے کیے جانے والے سکیورٹی انتظامات پر تمام ممبران کو اعتماد میں لیا۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے میٹنگ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام کے موقع پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں گے،ضلع بھر میں امن وامان کا قیام اولین ترجیح ہے۔حکومت کی طرف سے جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں ساونڈ ایکٹ پر مکمل عمل درآمد کرایا جائیگا اور اس کے برعکس کرنے والے کے خلاف بھرپور کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے اجتماعات یا محرم الحرام کے جلوس کے ساتھ شامل ہونے والے راستوں کو خاردار تاروں کے ذریعے بند کرنے کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔عید کے اجتماعات اور جلوسوں کے روٹ اور مجالس کے انعقاد کی جگہوں کے گردونواح میں سرچ آپریشن کا سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز آپ سب سے رابطہ میں رہیں گے تا کہ اس حوالے سے کسی قسم کا کوئی ناخوشگوار واقع رونما نہ ہوسکے۔ممبران ضلعی امن کمیٹی، اقلیتی برادری و دیگر شرکا میٹنگ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ہماری حفاظت کیلئے ہر وقت سرگرم عمل ہے۔ہم ہر صورت پولیس کے ساتھ ملکر اپنی اور عوام الناس کی حفاظت کیلئے ہر حکمت عملی پر عمل کرنے کیلئے تیار ہیں اور پولیس کسی بھی وقت ہمیں کسی بھی عوامی مفاد کے کام میں پیچھے نہیں پائے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان نے پولیس لائینز کے ریکریشن ہال میں ضلعی امن کمیٹی، اقلیتی برادری اور تمام مکتبہ فکر کے ممبران سے عیدالاضحیٰ محرم الحرام اور سرگودھا واقعہ کے پیش نظر ضلع بھر امن وامان کے قیام کے حوالے سے میٹنگ کر رہے ہیں